**Shabbir / Fazil**

**27-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خاں

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج شام وزراءِ اعلیٰ کے ساتھ مغربی ایشیا محاذ آرائی پر گفتگو کریں گے۔

2- انتخابی کمیشن نے کیرالم میں آسمبلی انتخابات کیلئے حتمی ووٹر فہرست شائع کردی ہے۔

3- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی اصلاحات کی فوری ضرورت، قیامِ امن کارروائیوں کو مربوط بنانے اور انسانی ہمدردی کے سپلائی نظام کو مستحکم کرنے کو اجاگر کیا ہے۔

4- آج نیپال میں راشٹریہ سوتنتر پارٹی کے لیڈر بالیندر شاہ کو وزیراعظم کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔

5- اقتصادی اشتراک اور ترقی سے متعلق تنظیم OECD نے موجودہ مالی سال کے دوران بھارت کی GDP کی شرحِ ترقی سات اعشاریہ چھ فیصد جبکہ 2026-27 میں چھ اعشاریہ ایک فیصد رہنے کا اندازہ لگایا ہے۔

6- اور : فٹبال میں 20 سال تک کے عمر کے کھلاڑیوں کی SAFF چیمپین شپ میں بھارت نے پاکستان کو تین۔صفر سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Meeting

وزیراعظم نریندر مودی مغربی ایشیا محاذ آرائی کے تناظر میں چناؤ والی ریاستوں کو چھوڑ کر آج سبھی ریاستوں کے وزراءِ اعلیٰ کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے گفتگو کریں گے۔ اِس میں اِن ریاستوں کی تیاریوں اور منصوبوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ اِس میٹنگ میں ٹیم انڈیا کے جذبے کے ساتھ کوششوں میں تال میل قائم رکھنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ آج کی اِس میٹنگ میں اُن ریاستوں کے وزراءِ اعلیٰ شامل نہیں ہوں گے جہاں آسمبلی انتخابات ہونے والے ہیں، کیونکہ وہاں مثالی ضابطۂ عمل نافذ ہے۔

کابینہ سکریٹریٹ چناؤ والی ریاستوں تمل ناڈو، مغربی بنگال، آسام اور کیرالہ نیز مرکز کے زیرِ انتظام علاقے پدوچیری کے چیف سکریٹریوں کے ساتھ الگ سے میٹنگ کرے گا۔

یہ پہلا موقع ہے کہ جب وزیراعظم مغربی ایشیا محاذ آرائی پر وزراءِ اعلیٰ کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں۔ 28 فروری کو ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملے کے ساتھ یہ لڑائی شروع ہوئی تھی۔x

## Keralam Election

کیرالم میں آئندہ ہونے والے اسمبلی انتخابات کے لئے حتمی ووٹر فہرست کل رات شائع کردی گئی۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Smithy M Palluruthy

حتمی ووٹر فہرست کے مطابق کیرالم میں کُل ووٹروں کی تعداد دو کروڑ 71 لاکھ 42 ہزار 952 ہے۔ اس فہرست میں 19 سال تک کی عمر کے 4 لاکھ 66 ہزار 408 نئے ووٹر بھی شامل ہیں۔ ریاست میں 110 سال سے زیادہ عمر کے 54 ووٹر ہیں۔حتمی ووٹر لسٹ کے شائع ہونے، جس میں SIR کے بعد اہل ووٹر شامل ہیں اور نام واپس لینے کےعمل کےمکمل ہونے کے بعد، کیرالم ایک پُر جوش انتخابی مہم کیلئے تیار ہے۔
تروانت پورم سے اِسمِتی ایم پلّورُتی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

## Puducherry Election

پدوچیری میں امیدواروں کی حتمی فہرست کی تصدیق ہونے کے ساتھ ہی چناوٴ مہم اور تیاریوں میں تیزی آنے لگی ہے۔ چناوٴ محکمے کے مطابق 71 امیدواروں کی طرف سے نام واپس لیے جانے کے بعد مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کے 30 حلقوں میں 294 امیدوار چناوٴ میدان میں رہ گئے ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Bibin S Nath

پدوچیری میں سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر چناوٴ مہم میں شامل ہو رہے ہیں۔ BJP مہیلا مورچہ کی قومی صدر اور کوئمبتور ساوٴتھ کی ممبر اسمبلی Vanathi سری نواسن، مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں کُل انتخابی مہم میں شامل ہوئیں اور اپوزیشن کے آئی-این-ڈی-آئی-اے بلاک پر یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی کہ اِس میں اتحاد اور تال میل کا فقدان ہے۔ انھوں نے ووٹروں پر زور دیا کہ وہ اِس اتحاد کو مسترد کردیں۔
اِدھر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ V.Vaithilingam نے Thattanchavady حلقے کے Pudupet علاقے میں اپنی انتخابی مہم کا آغاز کیا۔
اِدھر انتظامی سطح پر چناوٴ کی تیاریوں میں تیزی آ گئی ہے۔
انتخابی کمیشن کے نائب چناوٴ کمشنر Banu Prakash Yeturu نے مختلف چناوٴ نگرانی نظام کے کام کاج کا جائزہ لینے کے لئے پدوچیری میں مربوط کنٹرول اور کمان مرکز کا دورہ کیا۔
پدوچیری سے Bibin Nath کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

Jaishankar G7 FMM

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی اصلاحات کی فوری ضرورت، قیامِ امن کارروائیوں کو مربوط بنانے اور انسانی ہمدردی کے سپلائی نظام کو مستحکم کرنے کو اجاگر کیا ہے۔ انھوں نے فرانس میں G7 ملکوں کے وزراءِ خارجہ کی میٹنگ میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

ڈاکٹر جے شنکرنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ انھوں نے عالمی حکمرانی کی اصلاحات کے تعلق سے بات کی۔ انھوں نے توانائی کے چیلنجوں، کیمیاوی کھاد کی سپلائی اور خوراک کی یقینی فراہمی کے بارے میں عالمی خطۂ جنوب کے ملکوں کی تشویش کے معاملے کو خاص طور سے اٹھایا۔x

India's GDP Growth

اقتصادی اشتراک اور ترقی سے متعلق تنظیم OECD نے موجودہ مالی سال کے دوران بھارت کی GDP کی شرحِ ترقی سات اعشاریہ چھ فیصد جبکہ 2026-27 میں چھ اعشاریہ ایک فیصد رہنے کا اندازہ لگایا ہے۔ سال 2027-28 کے دوران اِس شرح کے چھ اعشاریہ چار فیصد رہنے کی بات کہی گئی ہے۔ بھارت بدستور دنیا کی سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی بڑی معیشت والے ملک کے زمرے میں ہے۔

مذکورہ تنظیم کے عبوری اقتصادی جائزے میں کہا گیا ہے کہ مغربی ایشیا کی محاذ آرائی سے عالمی معیشت کی مضبوطی آزمائش کے دور سے گزر رہی ہے۔

آبنائے ہرمز سے گزرنے والی کھیپ کو روکے جانے اور توانائی کے کچھ بنیادی ڈھانچے کے بند ہونے اور نقصان پہنچنے کی وجہ سے توانائی کی قیمتوں میں اچھال آیا ہے نیز توانائی اور کیمیاوی کھاد جیسی دیگر اہم اشیا کی عالمی سپلائی میں خلل پڑ گیا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Nepal PM

نیپال میں راشٹریہ سوتنتر پارٹی RSP کے لیڈر Balendra Shah آج نیپال کے وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ اُن کی حلف برداری کی تقریب مقامی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجکر 34 منٹ پر کٹھمنڈو میں شیتل نِواس میں صدر دفتر میں ہوگی۔ Balendra Shah کو کل RSP پارلیمانی پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا تھا، جس سے اُن کے نیپال کے سب سے کم عمر وزیر اعظم بننے کی راہ ہموار ہو گئی۔ اُن کی پارٹی RSP نے 5 مارچ کو ہوئے

پارلیمانی انتخابات میں تاریخی جیت حاصل کی تھی۔ Rapper سے سیاستداں بنے 35 سال کے Balendra Shah ملک کے اعلیٰ ترین عہدے پر فائز ہونے والے Madhes خطّے سے پہلے شخص بھی ہیں۔x

Trump Hormuz Deadline

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کو کھولنے کیلئے ایران کے واسطے وقت کی حد 6 اپریل تک بڑھادی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ ایران کے توانائی کے پلانٹس پر بمباری کو موقوف رکھیں گے۔

اِدھر مزید ہزاروں امریکی فوجی خطے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ اسی دوران اسرائیل نے ایران کی پشت پناہی والے حزب اللہ گروپ سے مقابلہ کرنے کیلئے اپنے مزید فوجیوں کو جنوبی لبنان میں اتارا ہے۔ اسرائیل میں ایران کی طرف سے داغے گئے میزائلوں سے ہوشیار رہنے کیلئے سائرن بجائے گئے۔ خلیج کے ممالک میزائلوں کو بیچ میں ہی مار گرانے کیلئے کارروائی کر رہے ہیں۔

اُدھر ایران کی راجدھانی تہران اور دیگر شہروں میں شدید حملے کیے جانے کی اطلاع ملی ہے۔

ایران نے اہمیت کی حامل آبنائے ہرمز پر اپنی گرفت اور مضبوط کرلی ہے۔x

Zelanaky Saudi Arabia

یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی کل سعودی عرب پہنچے ہیں۔ اُن کے اِس دورے کا پہلے سے کوئی اعلان نہیں کیا گیا تھا۔ مغربی ایشیا میں جنگ کے تناظر میں یوکرین کی ہتھیاروں کی ٹیکنالوجی کے تعلق سے خلیج کے ملکوں میں دلچسپی میں اضافہ ہوا ہے۔ سعودی عرب اور یوکرین سیکیورٹی اشتراک، خاص طور پر فضائی حدود کے تحفظ کے سلسلے میں ایک سمجھوتے پر دستخط کرنے والے ہیں۔x

UP Ram Navami

اترپردیش میں رام نومی کا تہوار آج مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اِس تقریب کا خاص پروگرام ایودھیا میں ہو رہا ہے، جہاں شری رام جنم بھومی مندر میں سوریہ اشنان کا اہتمام کیا گیا ہے، جسے دوردرشن پر براہِ راست ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Shushil Chandra Tiwari

رام نومی منانے کیلئے ہزاروں عقیدتمند ایودھیا میں جمع ہوئے ہیں۔ مختلف مندروں میں بھگوان رام کا درشن کرنے سے پہلے لوگ Saryu دریا اور Ram Ki Paidi میں اشنان کر رہے ہیں۔ بھگوان رام کے جنم کا جشن

منانے کیلئے ایودھیا میں پانچ ہزار سے زیادہ مندروں کو پوری شان سے سجایا گیا ہے۔ شری رام جنم بھومی مندر میں صبح کو بھگوان رام کے Abhishekam کے بعد دن میں ٹھیک 12 بجے گربھ گرہ میں سوریہ تلک کی رسم انجام دی جائے گی۔ اِس کے بعد 56 چڑھاوے پیش کیے جائیں گے۔ اِس موقع پر مندر کے گربھ گرہ میں ایک پھول بنگلہ سجایا گیا ہے۔ لوگوں کی بڑی تعداد کو دیکھتے ہوئے مندر درشن کیلئے رات دیر گئے تک کھلا رہے گا۔

اس کے علاوہ آج شام چترکوٹ میں منداکنی دریا کے کنارے پر ایک اور بڑی تقریب ہوگی، جہاں رام نومی کے جشن کے حصے کے طور پر تقریباً 22 لاکھ دیے روشن کیے جائیں گے۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........

Must Announcement

People's Padma On Akashwani سلسلے کے تحت ہم نے اُڈیشہ سے تعلق رکھنے والے شری مہندر کمار مشرا سے بات کی، جنہیں ادب اور تعلیم کے شعبے میں اُن کے اہم رول کے صلے میں پدم شری سے سرفراز کیا جائے گا۔

S/B Mahendra Kumar Mishra

اُن کے ساتھ یہ گفتگو آج صبح نو بجکر دس منٹ پر 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر سنی جا سکتی ہے۔ یہ پروگرام نیوز آن AIR ایپ اور نیوز آن AIR آفیشیل یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب ہوگا۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، آسام، میگھالیہ اور سکم میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے کل تک بہار، جھارکھنڈ، اُڈیشہ، تلنگانہ اور اُتراکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ آندھراپردیش، چھتیس گڑھ، مشرقی راجستھان، مشرقی اترپردیش، اندرونی کرناٹک، مدھیہ پردیش اور ودربھ میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل تک ساحلی کرناٹک، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور شمال مشرقی ریاستوں میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ x

Football

ساؤتھ ایشین فٹ بال فیڈریشن SAFF کی 20 سال تک کی کم عمر کے کھلاڑیوں کی چیمپئن شپ میں کل مالدیپ کے مالے میں نیشنل فٹ بال اسٹیڈیم میں دفاعی چیمپئن بھارت نے پاکستان کو تین صفر سے کراری شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ بھارت اس چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے، جبکہ حریف ٹیم پاکستان ٹورنامنٹ سے باہر

ہو گئی ہے، کیونکہ وہ اپنے افتتاحی میچ میں بنگلہ دیش سے دو-صفر سے ہار گئی تھی۔
اب کل سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا، جو گروپ B میں اُس کی واحد حریف ٹیم ہے۔×

IPL Second Phase

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے انڈین پریمئر لیگ IPL 2026 کے دوسرے مرحلے کے پروگرام کا اعلان کر دیا ہے۔ Playoffs کیلئے مقامات سے متعلق تفصیلات بعد میں دی جائیں گی۔ دوسرے مرحلے کے تحت 13 اپریل سے 24 مئی تک 12 شہروں میں 50 میچ کھیلے جائیں گے، جن میں بنگلورو، ممبئی، چنئی، کولکاتہ اور دلّی شامل ہیں۔ دوسرے مرحلے کے افتتاحی میچ میں حیدرآباد میں، سنرائزرس حیدرآباد کا مقابلہ راجستھان رائلز سے ہوگا۔
IPL کے پہلے مرحلے کا کل سے آغاز ہوگا، جس کے تحت بنگلورو کے ایم چنّاسوامی اسٹیڈیم میں دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرس بنگلورو اور سنرائزرس حیدرآباد کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔×

Khelo India

کھیلو انڈیا قبائلی گیمز کے دوسرے روز کرناٹک کی تیراک Manikanta L نے 200 میٹر Medley انفرادی مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت کر، سونے کے تمغوں کی اپنی Hat-trick مکمل کی۔ اُڈیشہ کی Anjali Munda نے خواتین کے 200 میٹر انفرادی مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ یہ اس ٹورنامنٹ میں سونے کا اُن کا دوسرا تمغہ ہے۔
ویٹ لِفٹنگ میں آسام کی Monika Sonowal نے 48 کلوگرام زمرے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا، جبکہ میزورم کی ویٹ لِفٹر نے 60 کلوگرام زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ کرناٹک سونے کے آٹھ، چاندی کے تین اور کانسے کے ایک تمغے کے ساتھ سرِ فہرست ہے، جبکہ اُڈیشہ سونے کے پانچ، چاندی کے ایک اور کانسے کے آٹھ تمغوں کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔
آج اِن گیمز کے تیسرے روز تیراکی، ویٹ لِفٹنگ، ہاکی، فٹ بال اور کُشتی کے مقابلے ہوں گے۔×

India UK High Commission

انڈین فورین سروس کے افسر Periasamy Kumaran کو برطانیہ میں، بھارت کا اگلا ہائی کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ 1992 بَیچ کے انڈین فورین سروس افسر جناب کمارن اس وقت وزارتِ خارجہ میں سکریٹری کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ امکان ہے کہ وہ جلد ہی اپنا نیا عہدہ سنبھالیں گے۔×

Sikkim Youth Parliament

نیشنل سروس اسکیم سکم اور سکم سرکار کے کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے محکمے کے اشتراک سے My Bharat, سکم نے کل Gangtok میں وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ 2026 کا انعقاد کیا۔
پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Mainak Chatterjee

My Bharat Sikkim نے نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی مرکزی وزارت کی سرپرستی اور حکومت سکم کی نیشنل سروس اسکیم و کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے محکمے کے اشتراک سے کل Gangtok میں وِکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ 2026 کا اہتمام کیا۔ سکم کے مختلف اضلاع کی نمائندگی کرنے والے 25 شرکاء نے دیئے گئے موضوع مرکزی بجٹ 2026 : ''وِکست بھارت 2047 کی سمت نوجوانوں کی راہ کو مستحکم کرنا'' پر اپنی رائے پیش کی۔ کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے محکمے میں ریاستی یوتھ ڈیولپمنٹ بورڈ کے چیئرمین Basant Yonzon نے مہمان خصوصی کے طور پر پروگرام میں شرکت کی۔ My Bharat کے ڈپٹی ڈائریکٹر منگل جاکھڑ نے استقبالیہ خطاب کیا اور پروگرام کا جائزہ پیش کیا۔

حصہ لینے والے ہر فرد نے شاندار کارکردگی پیش کی اور اس بات پر زور دیا کہ نوجوانوں کی آواز وِکست بھارت کی ریڑھ کی ہڈّی ہونی چاہیے۔ اس کے علاوہ سکم کے حالیہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول کیلئے اطلاعات و نشریات کی وزارت کا بھی شکریہ ادا کیا گیا، جس نے ریاست کی تخلیقی صلاحیت کو عالمی سطح پر کامیابی کے ساتھ پیش کیا۔
گینگٹوک سے Mainak Chatterjee کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد
شکریہ -ارجمند علی خاں

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے مغربی ایشیاء بحران: وزیر اعظم مودی آج وزرائے اعلیٰ سے بات چیت کریں گے۔ اخبار انقلاب نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کے بیان کو اپنی شہ سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے، بھارتی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت۔

ہندوستان ایکسپریس سمیت دیگر اخباروں نے آندھرا پردیش میں پیش آئے سڑک حادثے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: آندھراپردیش کے پرکاشم میں خوفناک سڑک حادثہ، 14 مسافروں کی موت۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے حادثات کو روکنے کیلئے افسران کو ریلوے پُل بنانے کی ہدایت دی۔ یہ خبر بھی بیشتر اخبارات میں ہے۔

اخبارات نے حکومت کی طرف سے جاری کیے گئے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ ملک کے پاس 60 دنوں کیلئے تیل اور گیس کے مناسب ذخائر موجود۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ایران کے تعلق سے ڈیل کا وقت گزار رہا ہے: ٹرمپ کا بیان

☆ اسرائیل کے متعدد شہروں میں ایران کے تباہ کُن حملے۔

☆ بنگلہ دیش میں مسافر بس کے دریا میں گرنے سے 24 افراد غرقآب۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیراعظم نریندر مودی آج شام وزراءِ اعلیٰ کے ساتھ مغربی ایشیا محاذ آرائی پر گفتگو کریں گے۔

2- انتخابی کمیشن نے کیرالم میں اسمبلی انتخابات کیلئے حتمی ووٹر فہرست شائع کردی ہے۔

3- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی اصلاحات کی فوری ضرورت، قیامِ امن کارروائیوں کو مربوط بنانے اور انسانی ہمدردی کے سپلائی نظام کو مستحکم کرنے کو اجاگر کیا ہے۔

4- آج نیپال میں راشٹریہ سوتنتر پارٹی کے لیڈر بالیندر شاہ کو وزیراعظم کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔

5- اقتصادی اشتراک اور ترقی سے متعلق تنظیم OECD نے موجودہ مالی سال کے دوران بھارت کی GDP کی شرحِ ترقی سات اعشاریہ چھ فیصد جبکہ 2026-27 میں چھ اعشاریہ ایک فیصد رہنے کا اندازہ لگایا ہے۔

6- اور : فٹبال میں 20 سال تک کے عمر کے کھلاڑیوں کی SAFF چیمپین شپ میں بھارت نے پاکستان کو تین۔صفر سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---